06-05-2024

# آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر

## اشتہار برائے بھرتی آزاد کشمیر پولیس

محکمہ پولیس کو شعبہ جات ریز رو رینجرز میں کنسٹیبلان سکیل (بی ایس۔7) اور سٹینو گرافر (بی ایس 14) کی مستقل آسامیوں کے خلاف مروجہ قواعد کے تحت خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر اضلاعی کوٹہ کے خلاف بھرتی کے لئے آزاد کشمیر کے سکونتی بشمول مہاجرین مقیم پاکستان 1947 و مہاجرین 1989 مقیم آزاد کشمیر سے بذیل اہلیت کے حامل امیدوران (مرد+خواتین) سے درخواستیں مطلوب ہیں جو مورخہ **10-06-2024** تک موصول ہونا ضروری ہیں۔

<table>
<tr><th>نمبر شمار</th><th>نام اسامی بمع گریڈ</th><th>تعداد آسامی</th><th colspan="2">اہلیت برائے مرد، خواتین امیدواران</th></tr>
<tr><td>1</td><td>سٹینو گرافر<br>(بی ایس-14)</td><td>08</td><td colspan="2">i. Age: 18 to 40 years<br>ii. Education: Graduation<br>iii. 06 months diploma in MS Office (Word, Excel, Power Point etc.) and Urdu composing from a recognized institute.<br>iv. English/Urdu typing speed of at least 40 w.p.m.</td></tr>
<tr><th></th><th>نام اسامی بمع گریڈ</th><th>تعداد آسامی</th><th>اہلیت برائے مرد امیدواران</th><th>اہلیت برائے خواتین امیدواران</th></tr>
<tr><td>2</td><td>کنسٹیبلان<br>(بی ایس-07)</td><td>470</td><td>**عمر:** 18 تا 25 سال<br>**تعلیمی معیار:** کم از کم میٹرک<br>**قومیت:** پشتی باشندہ ریاست درجہ اول مہاجرین مقیم پاکستان / آزاد کشمیر 1989<br>**فزیکل ٹیسٹ: (ناک آؤٹ بنیاد پر)**<br>☆ **قد:** کم از کم 5 فٹ 7 انچ<br>☆ **چھاتی:** کم از کم 33 انچ اور پھیلاؤ کے ساتھ 1/2 34 انچ<br>☆ **دوڑ:** ایک میل (1.6 کلومیٹر) 7 منٹ میں<br>☆ **Sit-ups in 1 attempt (20)**<br>☆ **Push-ups in 1 attempt (15)**<br>☆ **Pull-ups in 1 attempt (03)**</td><td>**عمر:** 18 تا 25 سال<br>**تعلیمی معیار:** کم از کم میٹرک<br>**قومیت:** پشتی باشندہ ریاست درجہ اول مہاجرین مقیم پاکستان / آزاد کشمیر 1989<br>**فزیکل ٹیسٹ: (ناک آؤٹ بنیاد پر)**<br>☆ **قد:** کم از کم 5 فٹ 2 انچ<br>☆ **دوڑ:** ایک کلومیٹر (KM) 9 منٹ میں<br>**5% کوٹہ خواتین کے لئے مختص ہے (برائے اضلاع کوٹلی، میرپور، بھمبر و مہاجرین 1947 مقیم پاکستان)**</td></tr>
</table>

**الف) تفصیل ضلعی کوٹہ آسامیاں سٹینو گرافران (بی ایس-14)**

| مظفر آباد | راولاکوٹ | سدھنوتی | میرپور | کوٹلی | مہاجرین مقیم پاکستان 1947 | کل آسامیاں |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 01 | 01 | 01 | 01 | 02 | 02 | **08** |

**ب) تفصیل ضلعی کوٹہ آسامیاں کنسٹیبلان (بی ایس-07)**

| مظفر آباد | باغ | راولاکوٹ | سدھنوتی | کوٹلی | میرپور | بھمبر | مہاجرین مقیم پاکستان 1947 | مہاجرین 1989 | کل آسامیاں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 05 | 12 | 22 | 16 | 98 | 67 | 67 | 175 | 08 | **470** |

☆- **مشتہر شدہ آسامیوں میں سال 2023 کی بھرتی میں اضلاع (کوٹلی=62، میرپور=42، بھمبر=45، مہاجرین 1947 مقیم پاکستان=124) کے کوٹہ کی بچ جانے والی آسامیاں بھی شامل ہیں۔**

☆ **اضلاع مظفر آباد، باغ، سدھنوتی اور مہاجرین 1989 کی سال 2023 میں مشتہر شدہ آسامیوں کے خلاف بوجہ عدم دستیابی مرد امیدواران بچ جانے والی آسامیوں کو شامل کیا گیا ہے۔ جن پر ان اضلاع/یونٹ کے صرف مرد امیدواران ہی درخواستیں جمع کرانے کے اہل ہونگے۔**

## درخواست دینے کا طریقہ کار

-1 خواہش مند امیدواران اپلائی کرنے کے لئے NTS کی ویب سائٹ www.nts.org.pk پر جا کر آف لائن (Off line) فارم کو ڈاؤن لوڈ کریں اور پُر کر کے ہر لحاظ سے مکمل درخواست فارم بمعہ اصل فیس چالان (NTS کاپی)، دو عدد پاسپورٹ سائز فوٹو گراف تازہ، شناختی کارڈ، ڈومیسائل کی مصدقہ نقول، اس پتہ **NTS Headquaters (AJK Police Project), Plot # 96, Street # 4, Sector H-8/1, Islamabad** پر براہ راست ارسال کریں۔

-2 تحریری امتحان کی فیس مبلغ -/660 روپے مقرر ہے جو کہ چالان فارم پر نامزد کردہ بینک کی کسی بھی برانچ میں جمع کرائی جا سکتی ہے۔ صرف مکمل آف لائن (Off line) جمع کروائی گئی درخواستیں ہی قابل قبول ہوں گی۔ ہاتھ سے لکھی گئی درخواستیں قابل قبول نہ ہوں گی۔

-3 امیدواران updated درخواست فارم NTS کی ویب سائیٹ سے ڈاؤن لوڈ کر کے پُر کریں۔ گوگل سے سرچ کر کے پُر کردہ فارم قابل قبول نہ ہوگا۔

-4 تحریری امتحان کیلئے امیدواران رول نمبر سلپ NTS کی ویب سائیٹ سے خود ڈاؤن لوڈ کر کے بوقت ٹیسٹ پرنٹ ہمراہ لائیں گے تاہم امیدواران کی سہولت کیلئے رول نمبر سلپس بذریعہ ڈاک بھی بھیجی جائینگی۔

-5 نامکمل یا دی گئی ہدایت کے مغائر ارسال کی گئی اور دستی جمع کروائی گئی درخواستیں قابل قبول نہ ہوں گی۔

-6 دیگر تفصیلات اور ہدایات کے لئے NTS کی ویب سائٹ ملاحظہ کرتے رہیں ویب سائٹ سے کسی معلومات کے نہ ملنے کی صورت میں NTS ہیلپ لائن 051-8444441 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

## ہدایات برائے کنسٹیبلان

☆- امیدواران بھرتی کے 4 مراحل (تحریری امتحان، فزیکل ٹیسٹ، انٹرویو، سائیکالوجیکل ٹیسٹ/طبی معائینہ) طے کریں گے۔ کسی ایک مرحلہ میں بھی فیل ہونے والا امیدوار اگلے مرحلہ کے لئے نااہل ہوگا۔

☆- تحریری امتحان دو حصوں (MCQ اور Descriptive) پر مشتمل ہوگا۔ Descriptive ٹیسٹ، اردو اور انگریزی مضامین پر مشتمل ہوگا جبکہ معروضی ٹیسٹ (MCQ) اسلامیات، مطالعہ پاکستان اردو، جنرل نالج اور انگریزی پر مشتمل ہوگا۔

☆- کامیاب ہونے کے لئے امیدواران کو بطور مجموعی (Aggregate) 40% نمبرات حاصل کرنا لازمی ہونگے۔

☆- تحریری امتحان میں کامیاب ہونے والے امیدواران کا فزیکل ٹیسٹ بمطابق معیار/قواعد (محکمہ پولیس) لے گا۔

☆- امیدواران فزیکل ٹیسٹ کے لئے اپنے ذاتی جوگرز اور پانی کی بوتل ہمراہ لائیں گے۔

☆- مطابق قواعد پولیس کنسٹیبل بھرتی کیلئے عمر کی بالائی حد 25 سال مقرر ہے جس میں کسی قسم کی نرمی/رعایت نہ دی جائے گی۔

☆- مہاجرین 1947 مقیم پاکستان کے خلاف صرف وہی امیدواران درخواست دینے کے اہل ہونگے جن کے ڈومیسائل ڈپٹی کمشنر صاحب بحالیات میرپور یا پھر پاکستان کے متعلقہ ضلع جہاں امیدوار رہائش پذیر ہے کی جانب سے جاری شدہ ہونگے۔ آزاد کشمیر کے اضلاع سے جاری شدہ ڈومیسائل کے حامل امیدواران مہاجرین 1947 مقیم پاکستان کے کوٹہ کے خلاف درخواست دینے کے اہل نہ ہونگے۔

## ہدایات برائے سٹینو گرافران

☆- تحریری ٹیسٹ MCQ، اسلامیات/اخلاقیات، مطالعہ پاکستان، اردو، جنرل نالج اور انگریزی/IQ، IT/کمپیوٹر/Record Keeping پر مشتمل ہوگا جس میں مجموعی طور پر 40% فیصد نمبرات حاصل کرنے ضروری ہیں۔

☆- امیدواران کو مقرر شدہ رفتار کے مطابق اردو/انگریزی دونوں ٹائپنگ ٹیسٹ پاس کرنا لازمی ہوگا۔

☆- تحریری ٹیسٹ اور اردو/انگریزی ٹائپنگ کے ٹیسٹ میں کامیاب امیدواران ہی سے انٹرویو لیا جائے گا۔

☆- مہاجرین 1947 مقیم پاکستان کے خلاف صرف وہی امیدواران درخواست دینے کے اہل ہونگے جن کے ڈومیسائل ڈپٹی کمشنر صاحب بحالیات میرپور یا پھر پاکستان کے متعلقہ ضلع جہاں امیدوار رہائش پذیر ہے کی جانب سے جاری شدہ ہونگے۔ آزاد کشمیر کے اضلاع سے جاری شدہ ڈومیسائل کے حامل امیدواران مہاجرین 1947 مقیم پاکستان کے کوٹہ کے خلاف درخواست دینے کے اہل نہ ہونگے۔

☆ پہلے سے ملازم پیشہ امیدوار اپنے محکمہ کے توسط سے درخواست دے سکتے ہیں۔ جاری سروس کے حامل ایسے ملازمین پر عمر کی بالائی حد لاگو نہ ہوگی۔

## عمومی ہدایات

☆- انٹرویو کے بعد منتخب ہونے والے امیدواروں کا میڈیکل بورڈ سے مکمل طبی معائنہ کروایا جائے گا جسکی ناکامی کی صورت میں امیدواروں کو نااہل قرار دیا جائے گا۔

☆- منتخب شدہ امیدواران کے کردار اور ماضی سے متعلق تحقیقات کی جائے گی۔کسی بھی قسم کی غیر اطمینان بخش اصلاح یا مجرمانہ ریکارڈ کی صورت میں انتخاب منسوخ کر دیا جائے گا۔

☆- درخواست فارم میں دیئے گئے کوائف کے مطابق اصل دستاویزات کی تصدیق کی جائے گی۔اگر کسی بھی مرحلہ پر کسی قسم کی غلط/جھوٹ پر مبنی اطلاع پائی گئی تو امیدواران (چاہے تعیناتی ہو چکی ہو) کو غلط/جھوٹی معلومات فراہم کرنے کی بنیاد پر برخاست کر دیا جائے گا اور مزید یہ کہ اس کے خلاف قانونی چارہ جوئی بھی کی جائے گی۔

☆- جملہ امیدواران اپنے اپنے رابطہ نمبرز (موبائل) آن رکھیں گے بھرتی کی کاروائی سے متعلق اطلاعات ان کے رابطہ نمبرز پر دی جائیں گی۔اور امیدوران اپنا وہ موبائل نمبر جس کا نیٹ ورک تبدیل نہ ہو دیں تاکہ میسج کی ترسیل یقینی ہو۔

☆- بھرتی کے لئے آنے والے امیدواران TA/DA کے حق دار نہ ہونگے۔

☆- امیدواران بوقت انٹرویو تمام متعلقہ اصل کاغذات ہمراہ لائیں۔

☆- آسامیوں کی تعداد میں کمی وبیشی ہو سکتی ہے۔

☆- مہاجرین مقیم پاکستان 1947 تحریری/فزیکل امتحان میں شمولیت کے لئے اپنے قریب ترین ضلع (آزاد کشمیر) کا انتخاب کریں۔

☆- مہاجرین 1989 تحریری/فزیکل امتحان میں شمولیت کے لئے اپنے سکونتی ضلع کا انتخاب کریں۔

ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس صدر مقام
آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مظفر آباد